اکاؤنٹ میں جمع کی ہے' تو یہ لینا جائز نہیں۔

عبدالحمید نصر' گوجرانوالہ

ترجمان القرآن ہر لحاظ سے ایک اعلیٰ معیاری رسالہ ہو گیا ہے۔ فہم قرآن' فہم حدیث' تحریکات اسلامی اور فقہ و اجتہاد کے عنوان قائم کیے گئے ہیں۔ اس طرح ہر ماہ تاریخ پر بھی ایک مضمون ضرور شائع ہونا چاہیے۔

محمد اسماعیل' شورکوٹ کینٹ

اشارات' دینی مدارس' توہین رسالت جس موضوع پر بھی لکھے گئے حق ادا کر دیا گیا۔ میں تو اس رسالے کو دل دے بیٹھا ہوں۔ توجہ اور غور سے پڑھتا ہوں۔ شوق میں برابر اضافہ ہوتا ہے۔ مدیر کو مبارکباد ہو!

ڈاکٹر شاہدہ روبینہ' جھنگ

جو حکمران قوم کو الف بے نہیں پڑھا سکے' انھیں انگریزی پڑھانے کی خوب سوجھی ہے۔ تعلیم میں اصل رکاوٹ حکمران جاگیردار طبقہ ہے۔ پرائمری تعلیم آسان' لازمی اور مفت ہو تو ہماری قوم کے لیے زندگی کے راستے کھلیں۔

محمد انور ملک' سرگودھا

۱۹۵۰ سے ترجمان القرآن کا قاری ہوں۔ موجودہ معیار نہایت دلاویز اور دلنشیں ہے۔ مضامین کا انتخاب نہایت پیارا اور ایمان افروز ہے۔ اللہ کرے زور علم اور زیادہ۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عبادت قبول فرمائے اور اسے آپ کے لیے توشہ آخرت بنائے۔

امریکہ میں ترجمان القرآن حاصل کرنے کے لیے درج ذیل پتے پر رابطہ کیجیے :

UMAR ABD UL AZIZ

730 E 10 St . GF

BROOKLYN

NY 11230

Ph : (718) 421 - 5428